تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی


September 24,2024

پریس ریلیز

## جامعہ ملیہ اسلامیہ میں نیشنل کوفرماکوویجیلنس ہفتہ منا گیا گیا

جامعہ ملیہ اسلامیہ کی ڈینٹسٹری فیکلٹی کی جانب سے پہلی مرتبہ ڈی سی آئی کی ہدایت کے بموجب 'بلڈنگ اے ڈی آر رپورٹنگ کلچر فار پیشینٹ سیفٹی' کی تھیم کے ساتھ نیشنل فرماکوویجیلینس ہفتہ (سترہ ستمبر تا تئیس ستمبر دوہزار چوبیس) منایا گیا۔ پروگرام کا مقصد جامعہ میں فرماکوویجیلینس سے متعلق بیداری عام کرنا تھا۔

علم الادویہ کے فیکلٹی اراکین نے جامعہ ملیہ اسلامیہ میں سات دنوں کا ایک پروگرام منعقد کیا۔ پروگرام میں پوسٹر سازی مقابلہ سترہ ستمبر دوہزار چوبیس ہوا جس میں گروپ کے طور پر چھبیس ٹیموں نے اور انفرادی طور پر پانچ لوگوں نے شرکت کی۔ فیزیوتھیراپی، ڈی ڈی یو کوشل کیندر، جامعہ ملیہ اسلامیہ، شعبہ سنسکرت، کمپوٹر سائنس ڈپارٹمنٹ اور ڈپارٹمنٹ آف مینجمنٹ اسٹڈیز کے طلبہ نے پوسٹر سازی کے مقابلے میں انتہائی جوش وخروش کا مظاہرہ کیا۔ ججوں کی چار ٹیمیں اس مقابلے کے حکم تھیں۔

علم الادویہ کی جانب سے لائبریری ہال میں 'رپورٹنگ آف ایڈورس ڈرگ، وکسین، کاسمیٹک، ڈیوائسز اینڈ ریکوائرمنٹ آف سیٹنگ اپ آف ایڈورس ڈرگ مونیٹرنگ سینٹر (اے ایم سی) اٹھارہ ستمبر دوہزار چوبیس ایک روزہ ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ اس میں مہمان مقرر لیڈی ہارڈنگ میڈیکل کالج اور اس سے منسلک اسپتال کے ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر ہرمیت سنگھ ریحان نے ورکشاپ منعقد کیا۔ بیداری پروگرام میں کل پچپن شرکا (فیکلٹی، طلبا، پیرامیڈیکل اسٹاف، تکنیکی اسٹاف اور عوام) شریک تھے۔

ڈینٹسٹری کی ڈین پروفیسر کیا سرکار کی افتتاحی تقریر سے پروگرام کا آغاز ہوا۔ انھوں نے حاضرین کو مریضوں کی حفاظت کے لیے فرماکوویجیلینس کی اہمیت کے سلسلے میں بتایا جس کے بعد مہمان مقرر اور منتظمہ کمیٹی کا استقبال کیا گیا۔

پروگرام کے منتظم چیئر پرسن پروفیسر (ڈاکٹر دیپ اندر نے سات دنوں میں ہونے والے جملہ پروگرام اور مقابلوں کی تفصیل بتائی اور مہمان مقرر سے سامعین کو متعارف کرایا۔

مہمان مقرر ہرمیت سنگھ ریحان نے اپنی تقریر میں موضوع سے متعلق گفتگو کی اور ساتھ ہی ساتھ انھوں نے شرکا کے متنوع گروپ کو ملحوظ رکھتے ہوئے مریضوں کے تحفظ کے لیے اے ڈی آر فارم کی رپورٹنگ اور اسے بھرنے کے سلسلے میں عملی واقفیت بہم پہنچائی۔

پروگرام کے منتظم سکریٹری پروفیسر (ڈاکٹر) محمد فیض اکرم نے مہمان مقرر کے ساتھ ساتھ شرکا کو تربیت فراہم کی۔

سترہ ستمبر کو منعقدہ پوسٹر سازی کے مقابلے کے فاتحین کو ڈین اور علم الادویہ ایف او ڈی کی منتظمہ ٹیم اور ڈین نے تمغے اور اسناد تقسیم سے نوازا۔

مہمان مقرر اور منتظمہ کمیٹی نے بیداری سے متعلق اے ڈی آر کی رپورٹنگ سے متعلق ہندی زبان میں کتابچے کی رونمائی بھی حاضرین کے سامنے ہوئی۔

منتظم سکریٹری پروفیسر (ڈاکٹر) سیما مانک کے اظہار تشکر کے ساتھ افتتاحی اجلاس اختتام پذیر ہوا۔انھوں نے مندوبین، موقر مہمان اور شرکا کا شکریہ ادا کیا جن کی وجہ سے پروگرام اس قدر کامیاب ہوا۔

تقریب کے حصے کے طور پر مورخہ انیس تا تئیس ستمبر دو ہزار چوبیس کو ایک بیداری مہم بھی ڈینٹسٹری فیکلٹی میں شروع کی گئی جس کے بعد ایم اے انصاری ہیلتھ سینٹر، ڈی ڈی کوشل کیندر، سینٹر فار فیزیوتھیراپی اور بوائز اور گرلز ہاسٹل جامعہ ملیہ اسلامیہ کا دورہ کیا گیا جس علم الادویہ کے فیکلٹی اراکین کی مختصر تعارفی تقریر کے بعد طلبا کے درمیان کتابچے تقسیم کیے گئے۔

پروگرام کے انعقاد سے جامعہ کے طلبا میں یک گونہ اطمینان تھا اور انھوں نے پروگرام کے سلسلے میں مثبت تاثرات کا اظہار کیا اور وقفے وقفے سے عوام کی صحت سے متعلق پروگرام کرنے کی درخواست کی۔تمام رجسٹرڈ شرکا کو ورکشاپ میں شرکت کی اسناد دی گئیں۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی